سوال

(283) فرض نماز کھڑی ہو تو پہلے سنت پڑھے یا فرض اور بعد میں پہلی والی سنت پڑھے یا بعد والی سنت پڑھے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سوال :...ایک شخص اپنے محلہ کی مسجد میں نماز ظہر پڑھنے گیا۔ جب مسجد میں پہنچا تو دیکھتا ہے کہ جماعت کھڑی ہو گئی وہ شخص بغیر سنت پڑھے جماعت نماز میں شریک ہو گیا۔ جب جماعت سے فارغ ہوا تو پہلے دو رکعت سنت بعد والی پڑھے۔ یا چار رکعت سنت سابقہ کو پہلے پڑھے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس شخص کو چاہیے کہ فرضوں سے فارغ ہو کر پہلے دو سنتیں بعد والی پڑھ لے۔ اس کے بعد چار رکعت سنتوں کی قضا کرے۔

کما جاء فی الحدیث کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم إذا فاتتہ الأربع قبل الظہر صلہا بعد الرکعتین بعد الظہر (ابن ماجہ)

''یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعت سنتیں اگر پہلے پڑھنے سے رہ جاتی تھیں تو ان کو بعد دو رکعتوں کے پڑھتے تھے۔''

(اہل حدیث گزٹ دہلی۔ جلد نمبر ۸ شمارہ نمبر ۱۲)

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02

محدث فتویٰ